NYC Public Schools
Chancellor Melissa Aviles-Ramos

18 جون، 2025

عزیز اہلِ خانہ،

ہمارے اسکول ایک بہتر جگہ ہوتے ہیں جب آپکے بچے یہاں ہوتے ہیں— اور ہمارا کام ابھی ختم نہیں ہوا ہے! اسکول **جمعرات، 26 جون، 2025** تک سیشن میں ہے، اور ہر دن ابھی بھی بامعنی سیکھنے، پُرلطف جشن اور ناقابلِ فراموش یاددوں سے بھرپور ہے۔

جون سال کا خاص وقت ہے۔ طلباء اہم تعلیم ختم کررہے ہیں، دوستوں اور اساتذہ کے ساتھ روابط بنا رہے ہیں، اور پُرجوش منتقلیوں کے لیے تیار ہورہے ہیں۔ ہمارا شاندار عملہ انکو معاونت دینے، جشن منانے اور آخری دنوں میں انکی رہنمائی کرنے کے لیے ہر روز موجود ہوتا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہر طالب علم سال کا اختتام کامیابی کے ساتھ کرے!

**ہر دن کی اہمیت ہے.** تحقیق بتاتی ہے کہ پری اسکول جانے والے بچے جو ابتدائی طفلی تعلیم پروگراموں میں باقاعدگی سے شرکت کرتے ہیں انکے دوسرے گریڈ تک مستقل غیرحاضر ہونے کے امکانات پانچ گنا کم ہوتے ہیں۔ کنڈرگارٹن سے آگے، اچھی حاضری کی عادات گریڈ سطح کے مطالعے، طویل مدتی تعلیمی کامیابی اور آخرکار ہائی اسکول سے سندیافتگی میں مدد کرتی ہیں۔ جو عادات ہم اس وقت تعمیر کرتے ہیں وہ مستقبل کے دروازے کھولتی ہیں۔

**گرمیوں کی تبش کے باوجود، ہمارے اسکول ہمیں ٹھنڈا رکھ رہے ہیں— حقیقتاً اور تشبیحاً! ہمارے اسکول بہترین جگہ ہیں جہاں ہونا خوشی کی بات ہے!**

- ہمارے کلاس روم ائیر کنڈشنگ کے ساتھ موسم گرما میں تدریس کو آرام دہ بنانے کے لیے تیار ہیں۔
- اسپرٹ ویکس عروج پر ہیں جو ہمارے اسکولوں میں تفریح، توانائی اور اتحاد لاتے ہیں۔
- ابھی بہت کچھ تجربہ کرنے کو باقی ہے—تدریس اور تفریح کے ان آخری دنوں سے محروم نہ رہیں۔

براہِ کرم ہمارے موسمی ہنگامی صورتحال کے طریقہ کار کے ویب صفحے (schools.nyc.gov/emergency-readiness) پر جائیں تاکہ شدید گرمی کے دوران محفوظ رہنے کے طریقوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کی جا سکیں۔ اس صفحے پر قومی موسمی خدمات کے لیے لنک بھی شامل ہے جو آنے والے دنوں میں موسم کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرتا ہے۔

آئیں بقایا ہر دن کو اہم بنائیں۔ اگر آپکو اپنے بچے کو اسکول لانے میں مدد درکار ہے، ہم یہاں مدد کرنے کو موجود ہیں۔ برائے مہربانی اپنے اسکول کے **پرنسپل، نائب پرنسپل، اسکول مشیر، یا والدین رابطہ کار** سے رابطہ کریں —ہم یہ یقینی بنانے کے لیے ملکر کام کریں گے کہ آپکے بچے کے تعلیمی سال کا اختتام بہترین ہو۔

آپکے بچے کی تعلیم میں شراکت دار ہونے کا شکریہ۔ آئیں ہم سال کا اختتام فخر، مقصد اور بہت ساری مسکراہٹوں کے ساتھ کریں۔

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos
چانسلر

T-38790 (Urdu)